17 اگست 2026ء

# اسٹیٹ بینک نے ایکسچینج کمپنی کا لائسنس / اجازت نامہ منسوخ کر دیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنی ضوابطی ہدایات کی سنگین خلاف ورزی کرنے پر میسرز الرحیم ایکسچینج کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا لائسنس / اجازت نامہ فی الفور منسوخ کر دیا ہے۔

لہٰذا، میسرز الرحیم ایکسچینج کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بشمول اس کے صدر دفتر اور تمام ذیلی شاخوں کو، کسی بھی حیثیت میں، زرمبادلہ سے متعلق کاروباری سرگرمیوں میں کسی طور حصہ لینے کی اجازت نہیں ہے۔

*****